More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

# باب نمبر 24

# پاکستان کی سیر

## اہم الفاظ اور معنی:

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| خوش ذائقہ | اچھے ذائقے والے | فلک بوس | آسمان کو چھونے والے، بہت بلند |
| حسن | خوبصورتی | چار چاند لگانا | خوبصورتی میں اضافہ کرنا |
| حلقہ بگوش | دائرے میں داخل | بیش تر | زیادہ تر |
| جفاکش | بہادری، حوصلہ مندی | ڈویژن | بڑا علاقہ |
| درے | پہاڑوں کے درمیان تنگ راستہ | انفرادیت | ذاتی خوبی |

## سبق کا خلاصہ:

پاکستان 14 اگست 1947 کو قائم ہوا۔ پاکستان چار صوبوں پر مشتمل ایک وفاق ہے۔ پاکستان کا ہر صوبہ پاکستان کی ترقی اور خوش حالی میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ پاکستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔ یہاں ہر طرح کی فصلیں پیدا ہوتی ہیں۔ خوش ذائقہ پھل پیدا ہوتے ہیں۔ پاکستان میں سمندر، پہاڑ، دریا اور ریگستان بھی ہیں۔ دریائے سندھ پاکستان کا سب سے بڑا دریا ہے۔

صوبہ سندھ پاکستان کا وہ صوبہ ہے جسے محمد بن قاسم نے 712ء میں فتح کیا۔ سندھ میں سندھی زبان بولی جاتی ہے۔ کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے جو صوبہ سندھ میں پایا جاتا ہے اسے روشنیوں کا شہر کہا جاتا ہے اور یہ صوبہ سندھ کا دارالحکومت ہے۔ قائد

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

اعظم محمد علی کا مزار بھی کراچی میں واقع ہے۔ کراچی میں دو بندرگاہیں بھی واقع ہیں۔ صوبہ سندھ میں تاریخی شہر موئن جو ڈرو بھی واقع ہے، ٹھٹھے کا قدیم شہر بھی صوبہ سندھ میں ہے۔ ٹھٹھہ کی شاہ جہانی مسجد، مکلی قبرستان اور منچھر جھیل مشہور ہیں۔ صوبہ سندھ میں فصلیں پیدا ہوتی ہیں اس کے علاوہ آم، کھجور، اور کیلے کے باغات بھی پائے جاتے ہیں۔ سندھی ٹوپی اور اجرک سندھ کی خاص ثقافتی علامات ہیں۔ حیدرآباد، سکھر، نوابشاہ، میر پور خاص، خیر پور اور لاڑکانہ وغیرہ صوبہ سندھ کے مشہور شہر ہیں۔

صوبہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ اس کی سرحدیں پاکستان کے باقی تینوں صوبوں سے ملتی ہیں۔ صوبہ بلوچستان کا دارالحکومت کوئٹہ ہے۔ صوبہ بلوچستان میں بلوچی، براہوی اور پشتو زبانیں بولی جاتی ہیں۔ صوبہ بلوچستان میں انگور بہت زیادہ پیدا ہوتا ہے اس کے علاوہ چیری اور بادام بھی یہاں پیدا ہوتے ہیں۔ صوبہ بلوچستان معدنی وسائل سے مالا مال ہے۔ صوبہ بلوچستان میں سوئی کے مقام سے قدرتی گیس کے ذخائر دریافت ہوئے۔ قائداعظم اپنی زندگی کے آخری ایام صوبہ بلوچستان میں زیارت میں گزارے۔ بلوچستان میں لوگ کرتے اور گھیر والی شلواریں پہنتے ہیں اور سر پر پگڑی باندھتے ہیں۔

صوبہ خیبر پختونخواہ کو پہلے شمالی مغربی سرحدی صوبے کے نام سے جانا جاتا تھا۔ اس کا دارالحکومت پشاور ہے۔ مردان، چارسدہ، ڈیرہ اسمٰعیل خان، ایبٹ آباد، ہری پور اور بنوں صوبہ خیبر پختونخوا کے مشہور شہر ہیں۔ درہ خیبر صوبہ خیبر پختونخوا میں واقع ہے۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں پشتو بولی جاتی ہے جبکہ مشرقی حصوں میں ہندکو زبان بولی جاتی ہے۔ وادی سوات، وادی کاغان اور جھیل سیف الملوک صوبہ خیبر پختونخوا میں واقع ہیں۔ وادی سوات کو پاکستان کا سوئٹزرلینڈ کہا جاتا ہے۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں گندم، مکئی، تمباکو اور مختلف اقسام کے پھل پیدا ہوتے ہیں۔

صوبہ پنجاب پانچ دریاؤں کی سرزمین ہے۔ صوبہ پنجاب کی سرحدیں باقی تین صوبوں سے ملتی ہیں۔ صوبہ پنجاب کا دارالحکومت لاہور ہے۔ اسے پاکستان کا دل کہا جاتا

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

ہے۔ ملتان، فیصل آباد، راولپنڈی، سیالکوٹ، گوجرانوالہ اور بہاولپور صوبہ پنجاب کے اہم شہر ہیں۔ عظیم فلسفی شاعر علامہ اقبال کا تعلق صوبہ پنجاب سے تھا۔ وزیر آباد، صوبہ پنجاب کا شہر چھریاں، چاقو بنانے کیلئے مشہور ہے۔ سیالکوٹ کھیلوں کے سامان کیلئے مشہور ہے۔ گجرات پنکھا سازی اور فرنیچر کے لئے مشہور ہے۔ چنیوٹ اعلیٰ قسم کی فرنیچر کی تیاری کیلئے مشہور ہے۔ صوبہ پنجاب میں فصلیں خوب اگتی ہیں۔ چھانگا مانگا کا جنگل اور چولستان کا ریگستان بھی صوبہ پنجاب میں واقع ہے۔ دنیا کی دوسری بڑی نمک کی کان بھی صوبہ پنجاب میں کھیوڑہ کے مقام پر واقع ہے۔

# حل شدہ مشق

سوال نمبر ۱: درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے:

(الف): پاکستان کا کون سا صوبہ رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا ہے؟

جواب: پاکستان کا صوبہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے۔

(ب): سندھو کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے کیا معنی ہیں؟

جواب: سندھو، سندھی زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی بڑا دریا ہوتے ہیں۔

(ج): پاکستان میں بندرگاہیں کہاں کہاں واقع ہیں؟

جواب: پاکستان میں بندرگاہیں صوبہ سندھ اور صوبہ بلوچستان میں واقع ہیں۔

(د): لفظ "پنجاب" کن لفظوں کا مرکب ہے؟

جواب: لفظ پنجاب دو لفظوں "پنج" اور "آب" کا مرکب ہے۔ پنج کے معنی پانچ اور آب کے معنی پانی کے ہوتے ہیں اس لئے پنجاب کے معنی پانچ دریاؤں کی سرزمین ہے

(ہ): سونا اگلتی زمین سے کیا مراد ہے؟

جواب: سونا اگلتی زمین سے مراد ایسی زمین ہے جس میں معدنیات بڑی مقدار میں پائے جاتے ہیں۔

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(و): چھانگا مانگا کے جنگل کی کیا انفرادیت ہے؟

جواب: چھانگا مانگا کا جنگل صوبہ پنجاب میں واقع ہے۔ اس جنگل کی انفرادیت ہے کہ دنیا کا سب سے بڑا جنگل ہے اور خود اگایا گیا ہے۔

(ز): کھیوڑہ کی شہرت کس وجہ سے ہے؟

جواب: کھیوڑہ کی شہرت کی وجہ یہ ہے کہ یہاں دنیا کی سب سے بڑی نمک کی کان واقع ہے۔

سوال نمبر۲: درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے:

(الف): بلوچستان کا زیادہ رقبہ ہے:

(۱) پتھریلا (✓) (۲) میدانی (۳) زرخیز (۴) ریتیلا

(ب): اجرک کا تعلق اس صوبے سے ہے:

(۱) پنجاب (۲) خیبر پختونخوا

(۳) بلوچستان (۴) سندھ (✓)

(ج): درجہ خیبر اس صوبے میں ہے:

(۱) بلوچستان (۲) پنجاب

(۳) سندھ (۴) خیبر پختونخوا (✓)

(د): انگور پاکستان کے اس صوبے میں زیادہ ہوتا ہے:

(۱) خیبر پختونخوا (۲) سندھ

(۳) پنجاب (۴) بلوچستان (✓)

(ہ): محمد بن قاسم نے سندھ فتح کیا:

(۱) ۵۱۱ء میں (۲) ۶۱۲ء میں

(۳) ۷۱۲ء میں (✓) (۴) ۸۱۲ء میں

(و): سوات کو کہا جاتا ہے:

(۱) پاکستان کا مانچسٹر (۲) پاکستان کا سوئٹزر لینڈ (✓)

(۳) پاکستان کا ہالینڈ (۴) پاکستان کا فن لینڈ

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(ز): مکلی کا قبرستان اس شہر کے ساتھ ہے:

(ا) ٹھٹھہ (✓) (۲) پشاور (۳) کوئٹہ (۴) ملتان

سوال نمبر۳: کالم "الف" میں دیئے گئے الفاظ کو کالم "ب" میں دیئے گئے مقامات سے ملایئے:

| کالف "الف" | کالم "ب" |
|---|---|
| (i) پاکستان کا دل | لاہور |
| (ii) پاکستان کا مانچسٹر | فیصل آباد |
| (iii) پاکستان کا سوئٹزرلینڈ | سوات |
| (iv) روشنیوں کا شہر | کراچی |
| (v) پاکستان کا گرم ترین مقام | سبی |
| (vi) کھیلوں کا سامان | سیالکوٹ |
| (vii) ہواداقوں کا شہر | ہالا |
| (viii) اجرک | حیدرآباد |
| (ix) قائداعظمؒ کے آخری ایام | زیارت |

سوال نمبر۴: دیئے گئے الفاظ اور محاوروں کو جملوں میں استعمال کریں:

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| ا۔ مالا مال | پاکستان کی سرزمین قدرتی وسائل کی دولت سے مالا مال ہے۔ |
| ۲۔ حسن سلوک | ہمیں ہر کسی کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنا چاہیے۔ |
| ۳۔ چاند چاند لگانا | پھولوں کی زیبائش نے ہال کی سجاوٹ میں چار چاند لگا دیئے۔ |
| ۴۔ حلقہ بگوش اسلام | صوفیائے کرام کی کوششوں سے بہت سے غیر مسلم حلقہ بگوش اسلام ہوئے۔ |

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

=====================================================================

| | |
|---|---|
| ۵۔ فلک بوس | صوبہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں فلک بوس پہاڑ پائے جاتے ہیں |
| ۶۔ کھو جانا | قدرتی مناظر کی خوبصورت میں کھو جانا ایک فطری بات ہے۔ |

سوال نمبر۵: دیئے الفاظ کے متضاد لکھیے:

| الفاظ | متضاد الفاظ |
|---|---|
| ا۔ قدرتی | مصنوعی |
| ۲۔ خوش ذائقہ | بدذائقہ |
| ۳۔ پستہ قد | طویل قامت |
| ۴۔ کثیر | قلیل |

سوال نمبر۶: دیئے گئے جملوں میں سے صحیح جملوں پر (✓) کا نشان لگایئے:

(الف): بلوچستان کا دارالحکومت پشاور ہے۔ (X)

(ب): سبی پاکستان کا گرم شہر ہے۔ (✓)

(ج): خیبر پختونخوا کا پرانا نام شمال مغربی سرحدی صوبہ تھا۔ (✓)

(د): جھیل سیف الملوک صوبہ بلوچستان میں ہے۔ (X)

(ہ): ٹھٹھہ صوبہ سندھ کا قدیم شہر ہے۔ (✓)

(و): درہ خیبر صوبہ پنجاب میں واقع ہے۔ (X)

(ز): محمد بن قاسم نے راجا داہر کو شکست دی۔ (✓)

سوال نمبر۷: واحد جمع لکھیے۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| ا۔ ملک | ممالک |
| ۲۔ باغ | باغات |
| ۳۔ منظر | مناظر |

=====================================================================

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

| | |
|---|---|
| ۴۔ یوم | ایام |
| ۵۔ وطن | اوطان |
| ۶۔ مقام | مقامات |

سوال نمبر۸: اعراب کی مدد سے تلفظ واضح کیجئے۔

**اعراب کی مدد سے تلفظ:**

(i) وَطَنْ (ii) مَعْیَار (iii) صَنعت

(iv) مِثَالْ (v) لِبَاسْ

سوال نمبر۹: پاکستان کے مختلف علاقوں کے موسموں اور وہاں کے رہن سہن کے بارے میں معلومات بتائیے:

جواب: صوبہ سندھ کے مختلف علاقوں میں موسم گرم اور مرطوب ہے۔ گرمیوں میں سخت گرمی پڑتی ہے جبکہ سردیوں کا موسم معتدل رہتا ہے۔ سندھ کے لوگوں کی خوراک سادہ ہے۔ سبزیاں زیادہ پسند کی جاتی ہیں۔ سندھ کے لوگ ثقافت کی پیروی کرتے ہیں۔ شلوار قمیض ان کا عام لباس ہے۔ صوبہ بلوچستان کا موسم شدید ہے۔ یہاں کی آب و ہوا گرم ہے۔ بلوچستان میں لوگ گوشت کو بطور خوراک استعمال کرتے ہیں۔ زیادہ تر لوگ زمین پر بیٹھتے ہیں۔ صوبہ خیبر پختونخوا کے لوگ مہمان نواز مشہور ہیں۔ گوشت یہاں کے لوگوں کی مرغوب غذا ہے۔ یہاں کے لوگ موٹے کپڑے پہنتے ہیں کیوں کہ یہاں کا موسم گرم ہوتا ہے۔ سر پر پگڑی بھی باندھی جاتی ہے۔ صوبہ پنجاب کا موسم گرمیوں میں گرم اور سردیوں میں سرد ہوتا ہے۔ یہاں کے لوگ مذہبی رجحان کے حامل ہوتے ہیں۔ زیادہ تر لوگ ڈھیلے ڈھالے لباس پہنتے ہیں۔ یہاں کے لوگ لسی بہت پسند کرتے ہیں اسکے علاوہ ساگ اور باجرے کی روٹی شوق سے کھائی جاتی ہے۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

www.Perfect24u.com